# اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھنا

ہمیں تن درست رہنے کے لیے اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔ کیا آپ صاف ستھرے رہتے ہیں؟



ناخن کاٹتے رہنا چاہیے



روزانہ نہانا چاہیے



کھانا کھانے سے پہلے اور
کھانے کے بعد اپنے ہاتھ دھویئے



اپنے بالوں کو اچھی طرح کنگھا کیجیے



اپنے دانتوں کو روزانہ برش
/ مسواک کیجیے



جوتے / سلیپر پہن کر اپنے
پیروں کو صاف اور محفوظ رکھیے

## سرگرمی:

دی گئی تصویروں کے نیچے اُن چیزوں کے نام لکھیے جو ہمیں صاف ستھرا رہنے میں مدد کرتی ہیں۔ لفظی خانے میں سے لفظ چن کر استعمال کیجیے۔

صابن    کنگھا    ٹوتھ برش    نیل کٹر    تولیا    ٹوتھ پیسٹ    شیمپو    بالٹی

















## ہدایت برائے اساتذہ:





استاد کمرۂ جماعت میں صابن اور پانی سے اچھی طرح ہاتھ دھونے کا عملی مظاہرہ کرے گا اور طلبہ سے بغیر صابن اور پانی کے اسی عمل کو نقل کرتے جانے کے لیے کہے گا۔

(1) ہاتھ بھگویئے (2) گیلے ہاتھوں میں پانی لگایئے (3) ہاتھوں کے سارے حصوں بشمول ہتھیلیوں، ہاتھوں کی پیٹھ، انگلیوں کے درمیاں خاص طور پر ناخون کے نیچے اندر کے حصوں کو اندازاً 20 سیکنڈ تک دھویئے۔ (4) بیس منٹ تک کوئی نظم گائی جا سکتی ہے۔ (5) کھڑے پانے کے بجائے تھوڑے سے بہتے ہوئے پانی سے ہاتھوں کو کھنگالیے۔ (6) ہوا میں لہرا لہرا کر اپنے ہاتھ سکھایئے۔

# کھانا جو ہم کھاتے ہیں

ہم کئی قسم کے کھانے کھاتے ہیں۔ ہم کھانا تن درست اور توانا رہنے کے لیے کھاتے ہیں۔ کھانا ہمیں بڑے ہونے میں بھی مدد کرتا ہے۔ کھانا ہمیں کام کرنے کے لیے بھی توانائی دیتا ہے۔











ہم کھانے سے پہلے اپنے ہاتھ دھوتے ہیں۔ ہم کھانے سے پہلے بسم اللہ الرحمان الرحیم پڑھتے ہیں۔ ہم آرام آرام سے کھاتے ہیں۔ ہم کھاتے وقت زیادہ باتیں نہیں کرتے۔ ہم اپنی پلیٹ کا سارا کھانا کھاتے ہیں۔ (بچاتے نہیں ہیں) ہم کھانا کھانے کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں جس نے ہمیں یہ کھانا کھلایا۔



ہم اپنے ہاتھ دھونے کے لیے ایسا پانی استعمال نی کرتے جو مٹیالا یا گندہ ہو۔ میلا، غیر صاف پانی دست یا پیلیے (یرقان) جیسی دو بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

1 استاد صاحب یا استانی صاحبہ صاف پلاسٹک کی بوتلوں پانی کے مختلف نمونے لیں۔ اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان دونوں بوتلوں میں سے صاف، کیچڑ والا، دھندلا یا گندہ پانی پہچانیں۔

2 استاد یا استانی صاحبہ ان پانیوں کو رات بھر یونہی رکھ دیں تا کہ ان کا میل کچیل رات بھر میں نیچے بیٹھ جائے۔ اور دوسرے دن ان بوتلوں کا صاف پانی طلبہ کو دکھائیں۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** آپ طلبہ سے گفتگو کرنے کے لیے ان مختلف کھانوں کی تصویریں / چارٹس بھی استعمال کر سکتے ہیں جو طلبہ اپنے گھروں میں کھاتے ہیں۔ طلبہ کے جواب مختلف عنوانات کے تحت لکھے جا سکتے ہیں: مثلاً: اناج، گوشت، دودھ، دودھ سے بنی ہوئی مختلف چیزیں، پھل اور سبزیاں۔ طلابہ کو کھانے کی چیزوں کے مختلف گروپوں کا تعارف کرانے کی غرض سے ان کے جوابات کو تختۂ تحریر پر مختلف عنوانات کے تحت تحریر کیا جا سکتا ہے۔ طلبہ سے کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد کی دعائیں پڑھنے کے لیے کہیے۔ انھیں ہر کھانا کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ان دعاؤں کو پڑھنے کی ترغیب دلائیے۔

- ہمیں مختلف کام کرنے کے لیے توانائی چاہیے۔
- ہمیں تین کھانوں کی روزانہ ضرورت ہے۔
- ہم صبح کا ناشتہ، دوپہر کا کھانا (ظہرانہ) اور رات کا کھانا (عشائیہ) کھاتے ہیں۔
- کبھی کبھار ہم بھوک محسوس کرتے ہیں تو ان کھانوں کے درمیاں کچھ ہلکی پھلکی تفریحی خوراک کھالیتے ہیں۔
- ہم صبح سو کر اٹھ کر ناشتہ کرنے کے بعد مکمل توانا ہو جاتے ہیں۔
- ہمیں شام تک توانائی میں ہونے والی کمی کو پورا لانے کے لیے دوپہر کے کھانے (ظہرانے) کی ضرورت محسوس ہوئی ہے۔
- اور آخر کار رات کے وقت ہمیں مطالعے اور کھیل کود میں صرف ہونے والی توانائی کو پورا کرنے کے لیے۔






**کیا آپ کو معلوم ہے؟**

کیا آپ نے کبھی غور کیا کہ آپ اسکول میں وقفے کے دوران میں بھوک کیوں محسوس کرتے ہیں؟

جی ہاں، ہمیں پڑھنے اور دوسری سرگرمیاں کرنے کے لیے توانائی چاہیے۔

**سرگرمیاں:** (کھانے)

(۱) استاد / استانی مختلف طلبہ سے ان کے ناشتے کے بارے میں پوچھے گا / گی اور اس کا جواب تختہء تحریر پر لکھے گا / گی۔

(۲) جن چیزوں کا بار بار ذکر کیا گیا ہو ان پر نشان (✓) لگائے گا / گی۔

(۳) استاد اسی سرگرمی کو دوپہر کے کھانے (ظہرانے) اور رات کے کھانے (عشائیے) کے کھانے (Dinner) کے لیے گائے دہرائے گا۔

(۴) استاد عام طور پر تقریباً سب بچوں کے انھیں چیزوں کو دوپہر اور رات کے کھانوں میں کھانے کا نتیجہ نکالے گا۔

**سرگرمی:** مفیدِ صحت / مُضرِ صحت خوراک

استانی / استاد طلبہ سے کھانے کی اس چیز پر اپنا نام رکھنے کو کہیں گے جسے وہ پسند کرتے ہیں۔ (ایک ہی چیز بار بار نہ پوچھی جائے) استاد بھی اسی کے مطابق ان کے نام پکاریں گے ہر طالب علم / طالبہ اپنا نام پکارتے ہوئے سامنے آجائے گا۔ جماعت کے بچے ان کے بارے میں مفید یا مضرِ صحت خوراک ہونے کا فیصلہ کریں گے۔

**سرگرمی:**

درج ذیل جملے مکمل کیجیے:

میرا خاندان ناشتے میں کھاتا ہے: ____________

میرا خاندان دوپہر کے کھانے (ظہرانے) میں کھاتا ہے: ____________

میرا خاندان رات کے کھانے (عشائیے) میں کھاتا ہے: ____________

وہ سبزیاں جو مجھے پسند ہیں: ____________

وہ پھل جو مجھے پسند ہیں: ____________

میں پینا پسند کرتا ہوں: ____________

پانچواں باب

# ہمارا مرکزِ صحَّت

ہمارے پڑوس میں یہ ہمارا مرکز صحت ہے





کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہم اپنے روزانہ کے کام بھی کرنے کے قابل نہیں ہوتے اور ہم کہتے ہیں کے ہم بیمار ہیں۔ جب ہم بیمار ہوتے ہیں یا زخمی ہو جاتے ہیں تو ہم صحت مرکز میں جاتے ہیں۔ وہاں ایک ڈاکٹر یا نرس ہمارا علاج کرتی ہیں۔ وہ ہماری یہ رہنمائی بھی کرتی ہیں کہ ہمیں کس طرح صحت مند رہنا چاہیے۔





ہم بیمار ہو جاتے ہیں کیوں کے یا تو ہم نے اپنی اور اپنے ارد گرد کی صفائی ستھرائی کا خیال نہیں رکھا۔ یا پھر ہم اس لیے بیمار ہو سکتے ہیں کہ ہم نے صحیح اور صاف ستھری خوراک صحیح وقت پر نہیں کھائی۔ ہمیں لازمی طور پر اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔ صحیح خوراک کھانی چاہیے اور اپنے آپ کو بیماری سے بچانے کے لیے ٹیکے لگواتے رہنا چاہیے۔

- تازہ پھل اور سبزیوں کو اچھی طرح دھو کر کھائیں۔
- اُبلا ہوا پانی پییں۔
- روزانہ غسل کریں۔
- اپنے دانتوں کو روزانہ مسواک / برش کریں۔





# پاس پڑوس کو صاف ستھرا رکھنا

درست طور پر صحت مند زندگی گزارنے کے لیے ہمیں اپنے آپ کو اور اپنے پاس پڑوس کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔

صاف ستھرا ہونے کا مطلب ہے جراسیم، دھول مٹی / میل کچیل، کُوڑے کرکٹ یا بیکار اور نقصان دہ چیزوں سے پاک ہونا۔
ایک صاف ستھرا پاس پڑوس، ایک خوبصورت اور تن درستی کے لیے فائدے والی جگہ ہوتی ہے۔ ہم اپنے پاس پڑوس کو صاف ستھرا رکھتے ہیں۔ کیا آپ بھی رکھتے ہیں؟
ہم اپنے پاس پڑوس کو بیکار چیزیں کوڑے دان میں ڈال کر صاف ستھرا رکھتے ہیں۔

ہمارے پاس بیکار چیزیں کم ہوتی ہیں۔ کیوں کہ ہم کوڑا کرکٹ کم کرتے ہیں، اسے بار بار استعمال کرتے ہیں۔ اور اسے ہم دوبارہ استعمال کے قابل بنا لیتے ہیں۔







**وہ طریقے جن سے ہم چیزوں کو دوبارہ استعمال کرتے ہیں۔**

- پلاسٹک بیگ کا استعمال ختم کر دیں۔
- بازار جانے کے لیے کوئی تھیلا لیجیے۔



**وہ طریقے جن سے ہم چیزوں کو دوبارہ استعمال کرتے ہیں۔**

- جام کی خالی بوتل / شیشی کو مصالحہ رکھنے کے لیے دوبارہ استعمال کیجیے۔
- آئس کریم کو دوبارہ کھانا رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔





**وہ طریقے جن سے ہم چیزوں کو دوبارہ استعمال کرتے ہیں۔**

- اخبارات کے لفافے بنانا۔
- ٹین کے جوس کے ڈبّے کو پینسل دان بنانا۔
- کپڑوں کے ٹکڑوں سے رلّی وغیرہ بنانا۔

دوسرا باب

# آب وہوا کی پیشن گوئی کرنا


جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ آب وہوا روزانہ بدلتی رہتی ہے۔

آج آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں۔

آج آب وہوا کیسی ہے؟

آپ کے خیال میں کل آب وہوا کیسی ہو گی۔

**سرگرمی** آنے والے ہفتے میں آب وہوا کا اندازہ لگائیں۔




**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ کے ہر روز اندازہ کو دن کے حقیقی آب وہ سے موازنہ کیجیے۔ طلبہ سے بات چیت کریں کہ آنے والے دنوں کے لیے آب وہوا کا اندازہ لگانا کیوں ضروری ہے۔ جیسا کہ آب وہوا کی مناسبت سے کیسا لباس پہننا چاہیے اور کیا کرنا چاہیے وغیرہ ۔






4۔ چارٹ مکمل کریں۔

| آب وہوا کی قسم | آب وہوا کی تصویر بنائیے (خانے میں علامتیں استعمال کریں) | جو کپڑے آپ پہنتے ہیں۔ | جو کھانا آپ کھاتے ہیں۔ | ہر آب وہوا میں آپ کیا محسوس کرتے ہیں۔ |
|---|---|---|---|---|
| دھوپ | | | | |
| بادل | | | | |
| بارش | | | | |
| ہوا | | | | |

5۔ سوالوں کے جوابات دیں اور بتائیں کہ آج آب وہوا کیسی ہے۔

(i) آج آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں؟ ______________

(ii) کیا آپ گرمی یا ٹھنڈ محسوس کر رہے ہیں؟ ______________

(iii) کیا سورج چمک رہا ہے؟ ______________

(iv) کیا بارش ہو رہی ہے؟ ______________

(v) کیا ہوا چل رہی ہے؟ ______________

(vi) کیا بادل چھائے ہوئے ہیں؟ ______________

(vii) آج باہر کی آب وہوا کیسی ہے؟ ______________

